www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

ملّتِ اسلامیہّ کا علمی اور اصلاحی مجلّہ

ماہنامہ **مُحدِّث** لاہور

(فون) صدر دفتر: ۳۵۴۲۵۰ | ذیلی دفتر: ۵۴۸۷۳

جلد ۵ | ذی القعدہ، ذی الحجہ ۱۳۹۵ھ | عدد ۱۲،۱۱

حرفِ اوّل

# محدث کی باقاعدگی

قارئین بخوبی جانتے ہیں کہ خالص دینی اور علمی رسالے کسی مادی منفعت کے لیے اس دور میں نکالنے کا تصور بھی محال ہے۔ ایسے رسائل صرف اعلیٰ مقاصد کے لیے مشنری جذبہ ہی سے جاری رکھے جا سکتے ہیں۔ مزید برآں معقول افادے اور ترقی کے لیے جہاں ہر اعتبار سے ان کا معیاری ہونا اہمیت رکھتا ہے وہاں ان کی خاطر خواہ پذیرائی کے لیے باقاعدگی اشد ضروری ہے۔ لیکن ان باتوں کے پورے احساس کے باوجود ہمیں افسوس ہے کہ ہم اپنے احباب کو انتظار کی زحمت سے محفوظ نہ رکھ سکے۔ ہمارے قریبی وابستگان تو ہماری الجھنوں اور مشکلات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ عرصہ تقریباً دو سال سے نہ صرف ہمارے تعلیمی اور تحقیقی پروگرام بھی تلپٹ ہیں بلکہ ہم اپنے دفاتر اور درسگاہ تک پہنچنے میں بھی محفوظ و مامون نہیں ہیں۔ شر انگیزیوں کی حد یہ ہے کہ ایک سال کے عرصہ سے مدرسہ اور مسجد کے گندے پانی کے سیوریج اور پینے کے پانی کے سرکاری کنکشن ان سماج دشمن عناصر نے علی الاعلان وقانون کو اپنے ہاتھ میں لیکر منقطع کر رکھے ہیں بلکہ شارع عام اور مسجد میں نماز کیلیے داخلہ تک بند ہے کئی دفعہ اداروں کے ناظمین اور طلبہ واساتذہ کی جان ومال سے بتیرطور پر دیدہ دلیری سے کھیل چکے ہیں اور ہم انتظار میں ہیں کہ ہماری شنوائی کب ہوتی ہے؟ مگر ہم ایک تو قارئین کی سمع خراشی کے خیال سے دوسرے حکومت کے وقتاً فوقتاً اعلانات کے پیش نظر قانونی پیچیدگیوں سے بچنے کے لیے احباب کو حالات کی تفصیل سے آگاہ نہ کر سکے۔

اب ہم نے عارضی طور پر لکھنے پڑھنے کا کام ایک دوسری جگہ شروع کر دیا ہے اسلیے قارئین کو محدث کی ماہوار باقاعدگی کی نوید سناتے ہیں ان شاء اللہ شمارہ ہذا کے بعد جلد ہی جلد ۶ کا پہلا شمارہ بھی حوالۂ ڈاک ہو گا۔ اور رسول مقبول نمبر (حصہ دوم) کا تفصیلی اعلان بھی عنقریب شائع کر دیا جائے گا۔ (ادارہ)

مدیر: حافظ عبدالرحمٰن مدنی | طابع: چودھری رشید احمد | مطبع: مکتبہ جدید پریس، ۴۔ شارع فاطمہ جناح، لاہور

زرِ سالانہ: ۱۵/۰۰ روپے

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ